



★ سب سے زیادہ آسان
★ سب سے زیادہ دلچسپ
★ سب سے زیادہ فائدہ مند



# میرا قرآنی قاعدہ

صحیح تلفظ کے ساتھ قرآن مجید پڑھنا سیکھیں







مرکز القرآن والسنۃ

# فہرست


حروف تہجی 1

موٹے حروف 4

مخارج کی ترتیب 7

زبر 8

زیر 8

پیش 9

حروف کی بدلتی شکلیں 9

زبر، زیر، پیش 10

حروف مدہ 13

حروف مدہ و کھڑی حرکات 16

واؤ لین 19

یائے لین 20

جزم 21

شد 23

موٹا اور باریک پڑھنا 28

جزم والا نون اور تنوین 29

اظہار 30

اقلاب 31

ادغام 32

اخفاء (نون پر غنہ کا بیان) 37

میم پر غنہ کا بیان 38

مد 39

وقف 42

علامات وقف 44

چھوٹی نون 45

ہمزہ پر حرکت لگانا 46

را کے قاعدے 47

نماز 49

آخری 4 سورتیں 51

نماز کے بعد کے اذکار 56


نام ________ رولنمبر ________ کلاس ________ سیکشن ________

# حروف تهجی

ا



ب ت ث



ج ح خ



د ذ



ر ز



س ش



ص ض



ط ظ



ع غ



ف



ق



ك



ل



م



ن



و



ه



ء



ی



# حروف تہجی اور ان کی ادائیگیی کے وقت منہ اور زبان کی کیفیت


سفید خانے
باریک حروف

گرے خانے
موٹے حروف

+
موٹی آواز کے
ساتھ ساتھ
بھری آواز
والے حروف

## ا

آَ لِ فُ




بحالت مدہ منہ کے اندرونی خالی حصے سے ادا ہوتا ہے

## ب




ہونٹوں کے اندرونی گیلے حصوں کو آپس میں مکمل ملاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے۔

## ت




زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کی جڑ سے لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے۔

## ث



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کے اندرونی کنارے سے لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے

## جؔ



زبان کے درمیان کو درمیان تالو سے لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے

## ح




زبان کو پیچھے حلق کی طرف نرمی سے لے جاتے ہوئے درمیان حلق سے ادا کیا جاتا ہے

## خ



زبان کے پچھلے حصے کو اوپر کی طرف بلند کرتے ہوئے حلق کے اوپر والے حصے سے (موٹی آواز میں) ادا کیا جاتا ہے

## دؔ




زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کی جڑ سے لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے۔

## ذؔ



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کے اندرونی کنارے سے لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے

## ر



زبان کے اگلے حصے کو اوپر کے سامنے والے چار دانتوں کے مسوڑھوں سے لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے۔ (زبر کی وجہ سے موٹی آواز میں)

## ز




زبان کی نوک کو سامنے والے اوپر کے دو اور نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگاتے ہوئے (سیٹی کی سی آواز میں) ادا کیا جاتا ہے۔

## سؔ



زبان کی نوک کو سامنے والے اوپر کے دو اور نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگاتے ہوئے (سیٹی کی سی آواز میں) ادا کیا جاتا ہے۔

## شؔ




زبان کے درمیان کو درمیان تالو سے لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے

## + صؔ



زبان کی نوک کوسامنے والے اوپر کے دو اور نیچے کے
دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگاتے ہوئے
جبکہ زبان کے پچھلے حصے کو اوپر کی طرف بلند کرتے
ہوئے (موٹی اور سیٹی کی سی آواز میں) ادا کیا جاتا ہے

## + ضؔ



زبان کی دائیں اور بائیں کروٹ کو اوپر کی دائیں اور
بائیں جانب کی ساری داڑھوں کی جڑ سے لگا کر
مضبوطی اور جماؤ سے موٹی آواز میں
ادا کیا جاتا ہے۔

## + ط



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں
کی جڑ سے لگاتے ہوئے
جبکہ زبان کے پچھلے حصے کو اوپر کی طرف بلند کرتے
ہوئے (موٹی آواز میں) ادا کیا جاتا ہے

## + ظ



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں
کے اندرونی کنارے سے لگاتے ہوئے
جبکہ زبان کے پچھلے حصے کو اوپر کی طرف بلند کرتے
ہوئے (موٹی آواز میں) ادا کیا جاتا ہے

## عؔ



زبان کو پیچھے حلق کی طرف نرمی سے لے جاتے ہوئے
درمیان حلق سے ادا کیا جاتا ہے

## غؔ




زبان کے پچھلے حصے کو اوپر کی طرف بلند کرتے ہوئے
حلق کے اوپر والے حصے سے (موٹی آواز میں)
ادا کیا جاتا ہے

## ف




اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کی نوک نچلے
ہونٹ کے اندر والے گیلے حصے پر لگاتے ہوئے
ادا کیا جاتا ہے

## قؔ




زبان کے پچھلے حصے کو تالو کے پچھلے حصے کی طرف
بلند کرتے ہوئے یعنی کوے والی جگہ پر لگاتے
ہوئے (موٹی آواز میں) ادا کیا جاتا ہے

## كؔ



قاف کے نکلنے والی جگہ سے ذرا آگے منہ کی جانب
زبان کو تالو سے لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے

## لؔ




زبان کے اگلے حصے کو اوپر کے سامنے والے چھ
دانتوں اور دو داڑھوں کے مسوڑھوں سے
اچھی طرح لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے

## مؔ



ہونٹوں کے اندرونی خشک حصوں کو آپس میں
مکمل طور پر ملاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے

## نؔ




زبان کے اگلے حصے کو اوپر کے سامنے والے چھ
دانتوں کے مسوڑھوں سے لگاتے ہوئے
ادا کیا جاتا ہے

## وؔ




ہونٹوں کو مکمل گول کر کے یعنی درمیانی سوراخ کی
گولائی کم رکھ کر ادا کیا جاتا ہے

## ھ




حلق کے نیچے والے حصے سے ادا کیا جاتا ہے

## ء




حلق کے نیچے والے حصے سے ادا کیا جاتا ہے

## ی




زبان کے درمیان کو درمیان تالو سے
لگاتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے



# موٹے حروف

**ہمیشہ موٹے پڑھے جانے والے حروف :** عربی کے 29 حروف تہجی میں سے سات حروف ایسے ہیں جو ہمیشہ موٹے ادا کیے جاتے ہیں۔ جنکی ترتیب یوں ہے: ص ض ط ظ ق غ خ

ان حروف کی ادائیگی میں زبان جڑ سے بلند ہوجاتی ہے۔
جسکی وجہ سے ان حروف کی آوازیں
موٹی ہوتی ہیں۔



ص ض ط ظ ق غ خ

## بھری آواز اور کھلی آواز کے لحاظ سے حروف دو قسم کے ہوتے ہیں

### بھری آواز والے حروف

ص ض ط ظ

ان موٹے حروف کی ادائیگی میں زبان جڑ سے بلند ہونے کے ساتھ ساتھ درمیان سے بھی بلند ہو کر تالو کو ڈھانپ لیتی ہے۔ جس کی وجہ سے آواز خوب منہ بھر کر نکلتی ہے۔


### کھلی آواز والے حروف

ص ض ط ظ کے علاوہ بقیہ تمام حروف


کی ادائیگی میں زبان درمیان تالو سے نیچے رہتی ہے جس کی وجہ سے آواز خوب کھل کر نکلتی ہے

(خواہ وہ حروف موٹے ہوں یا باریک)

قصہ مختصر پورے حروف تہجی میں سے یہ چار حروف ص ض ط ظ ایسے ہیں جن کی آواز منہ بھر کر نکلتی ہے جبکہ بقیہ تمام حروف کی آواز کھل کر نکلتی ہے




ص ض ط ظ



ق غ خ

## بغیر سیٹی کی آواز والے حروف

# ث ذ ظ



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کے اندرونی کنارے سے لگا کر

## سیٹی کی سی آواز والے حروف



# ز س ص




زبان کی نوک کو سامنے والے اوپر کے دو اور نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگاتے ہوئے

## ملتی جلتی آوازوں والے حروف




# ت ط



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کی جڑ سے لگا کر


# ھ ح



حلق کے نیچے والے حصے سے

حلق کے درمیان والے حصے سے


# ق ك



زبان کی جڑ کو تالو کی کوے والی جگہ پر لگا کر۔

زبان کو قاف کی جگہ سے ذرا آگے منہ کی جانب تالو کو لگا کر


# ث س ص



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کے اندرونی کنارے سے لگا کر


زبان کی نوک کو سامنے والے اوپر کے دو اور نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگاتے ہوئے

ء




حلق کے نیچے والے حصے سے

ع




حلق کے درمیان والے حصے سے

ذ ظ




زبان کی نوک کواوپر کے سامنے والے دودانتوں کے اندرونی کنارے سے لگا کر

ز



زبان کی نوک کوسامنے والے اوپر کے دو اور نیچے کے
دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگاتے ہوئے

ض



زبان کی دونوں کروٹیں اوپر کی دونوں
طرف کی ساری داڑھوں کی جڑ سے لگا کر

موٹے حروف


ص ض ط ظ ق غ خ



# حروف تہجی کی ترتیب مخارج کے لحاظ سے

1


ء ھ



حلق کے نیچے والے حصے سے

2


عؔ ح



حلق کے درمیان والے حصے سے

3

غؔ خ



حلق کے اوپر والے حصے سے

4

قؔ



زبان کی جڑ کو تالو کی کوے والی جگہ پر لگا کر۔

5

كؔ



زبان کو قاف کی جگہ سے ذرا آگے منہ کی جانب تالو کو لگا کر

6


جؔ شؔ ی



زبان کے درمیان کو درمیان تالو سے لگا کر

7


ضؔ



زبان کی دونوں کروٹیں اوپر کی دونوں طرف کی ساری داڑھوں کی جڑ سے لگا کر

8


لؔ



زبان کے اگلے حصے کو اوپر کے چھ دانتوں اور دو داڑھوں کے مسوڑھوں سے لگا کر

9


نؔ



زبان کے اگلے حصے کو اوپر کے چھ دانتوں کے مسوڑھوں سے لگا کر

10


ر



زبان کے اگلے حصے کو اوپر کے سامنے والے چار دانتوں کے مسوڑھوں سے لگا کر

11

ط دؔ ت



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کی جڑ سے لگا کر

12


ظ ذؔ ث



زبان کی نوک کو اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کے اندرونی کنارے سے لگا کر

13

صؔ ز سؔ



زبان کی نوک کو سامنے والے اوپر کے دو اور نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگاتے ہوئے

14

ف



اوپر کے سامنے والے دو دانتوں کے کنارے نچلے ہونٹ کے گیلے حصے پر لگا کر

15

وؔ ب مؔ



ہونٹوں کو مکمل گول کرنے سے

ہونٹوں کے اندرونی گیلے حصوں کو آپس میں مکمل ملا کر۔

ہونٹوں کے اندرونی خشک حصوں کو آپس میں مکمل ملا کر۔

16

بحالت مدہ
ا و اور ی



منہ کے اندر کے خلا سے

17


غنہ
ن اور م



نون اور میم کی آواز کا ناک کی جڑ سے آنا

**زبر** اگر کسی حرف کے تلفظ پر ہونٹوں کو کسی قدر اوپر کی طرف کھولتے ہوئے چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اس حرف کی چھوٹی سی آواز اوپر جاتی محسوس ہوتی ہے اسے زبر کا قاعدہ کہتے ہیں ۔







| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بَ | تَ | ثَ | جَ | حَ | خَ | دَ |
| ذَ | رَ | زَ | سَ | شَ | صَ | ضَ |
| طَ | ظَ | عَ | غَ | فَ | قَ | كَ |
| لَ | مَ | نَ | وَ | هَ | ءَ = اَ | یَ |

**زیر** اگر کسی حرف کے تلفظ پر ہونٹوں کو کسی قدر نیچے کی طرف مائل کرتے ہوئے چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اس حرف کی چھوٹی سی آواز نیچے جاتی محسوس ہوتی ہے اسے زیر کا قاعدہ کہتے ہیں۔






| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِ | تِ | ثِ | جِ | حِ | خِ | دِ |
| ذِ | رِ | زِ | سِ | شِ | صِ | ضِ |
| طِ | ظِ | عِ | غِ | فِ | قِ | كِ |
| لِ | مِ | نِ | وِ | هِ | ءِ = اِ | یِ |




# پیش



اگر کسی حرف کے تلفظ پر ہونٹوں کو مکمل گولائی کی طرف حرکت دیتے ہوئے ایک چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اس حرف کی چھوٹی سی آواز گول ہوتی محسوس ہوتی ہے، اسے پیش کا قاعدہ کہتے ہیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بُ | تُ | ثُ | جُ | حُ | خُ | دُ |
| ذُ | رُ | زُ | سُ | شُ | صُ | ضُ |
| طُ | ظُ | عُ | غُ | فُ | قُ | كُ |
| لُ | مُ | نُ | وُ | هُ | ءُ = اُ | ىُ |

## حرفوں کی بدلتی ہوئی شکلیں

زبر کی مشق




بچوں کو حرفوں کے سروں اور نقطوں کی مدد سے حرفوں کی بدلتی ہوئی شکلیں ذہن نشین کروائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَ = بَـ | تَ = تَـ | ثَ = ثَـ | جَ = جَـ | حَ = حَـ |
| خَ = خَـ | دَ = ـدَ | ذَ = ـذَ | رَ = ـرَ | زَ = ـزَ |
| سَ = سَـ | شَ = شَـ | صَ = صَـ | ضَ = ضَـ | طَ = طَ |
| ظَ = ظَ | عَ = عَـ | غَ = غَـ | فَ = فَـ | قَ = قَـ |
| كَ = كَـ | لَ = لَـ | مَ = مَـ | نَ = نَـ | وَ = ـوَ |
| هَ = هَـ | ءَ = اَ | يَ = يَـ | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زیر کی مشق |  | بِ = بِ | تِ = تِ | ثِ = ثِ |
| جِ = جِ | حِ = حِ | خِ = خِ | دِ = دِ | ذِ = ذِ |
| رِ = رِ | زِ = زِ | سِ = سِ | شِ = شِ | صِ = صِ |
| ضِ = ضِ | طِ = طِ | ظِ = ظِ | عِ = عِ | غِ = غِ |
| فِ = فِ | قِ = قِ | كِ = كِ | لِ = لِ | مِ = مِ |
| نِ = نِ | وِ = وِ | هِ = هِ | ءِ = اِ | يِ = يِ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پیش کی مشق |  | بُ = بُ | تُ = تُ | ثُ = ثُ |
| جُ = جُ | حُ = حُ | خُ = خُ | دُ = دُ | ذُ = ذُ |
| رُ = رُ | زُ = زُ | سُ = سُ | شُ = شُ | صُ = صُ |
| ضُ = ضُ | طُ = طُ | ظُ = ظُ | عُ = عُ | غُ = غُ |
| فُ = فُ | قُ = قُ | كُ = كُ | لُ = لُ | مُ = مُ |
| نُ = نُ | وُ = وُ | هُ = هُ | ءُ = اُ | يُ = يُ |

| | | | |
|---|---|---|---|
|  ب | زبر، زیر، پیش کی اکٹھی مشق | بَ = بِ = بُ | تَ = تِ = تُ |
| ثَ = ثِ = ثُ | دَ = دِ = دُ | عَ = عِ = عُ | غَ = غِ = غُ |
| فَ = فِ = فُ | قَ = قِ = قُ | كَ = كِ = كُ | لَ = لِ = لُ |
| مَ = مِ = مُ | نَ = نِ = نُ | هَ = هِ = هُ | يَ = يِ = يُ |

# زبر کی مشق






| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَ بَ دَ<br>عَبَدَ | اَ مَ رَ<br>اَمَرَ | مَ رَ جَ<br>مَرَجَ | ثَ مَ رَ<br>ثَمَرَ | فَ عَ لَ<br>فَعَلَ | رَ فَ ثَ<br>رَفَثَ | عَ بَ سَ<br>عَبَسَ |
| نَ كَ صَ<br>نَكَصَ | كَ فَ رَ<br>كَفَرَ | قَ تَ لَ<br>قَتَلَ | بَ لَ غَ<br>بَلَغَ | حَ ضَ رَ<br>حَضَرَ | زَ عَ مَ<br>زَعَمَ | ضَ رَ بَ<br>ضَرَبَ |
| صَ لَ حَ<br>صَلَحَ | حَ سَ دَ<br>حَسَدَ | صَ بَ رَ<br>صَبَرَ | خَ تَ مَ<br>خَتَمَ | مَ طَ رَ<br>مَطَرَ | شَ رَ حَ<br>شَرَحَ | ذَ هَ بَ<br>ذَهَبَ |
| ظَ هَ رَ<br>ظَهَرَ | اَ حَ دَ<br>اَحَدَ | هَ لَ كَ<br>هَلَكَ | حَ مَ لَ<br>حَمَلَ | عَ شَ رَ<br>عَشَرَ | رَ فَ عَ<br>رَفَعَ | نَ بَ اَ<br>نَبَاَ |





# زیر کی مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِ بِ لِ<br>اِبِلِ | یَ لِ جَ<br>یَلِجَ | سَ فِ هَ<br>سَفِهَ | حَ سِ بَ<br>حَسِبَ | لَ مِ نَ<br>لَمِنَ | مَ لَ كِ<br>مَلَكِ | فَ لَ قِ<br>فَلَقِ |
| شَ هِ دَ<br>شَهِدَ | رَ حِ مَ<br>رَحِمَ | وَ سِ عَ<br>وَسِعَ | لَ بِ ثَ<br>لَبِثَ | یَ ءِ سَ<br>یَئِسَ | صَ عِ قَ<br>صَعِقَ | اَ ذِ نَ<br>اَذِنَ |
| عَ مِ یَ<br>عَمِیَ | فَ زِ عَ<br>فَزِعَ | غَ ضِ بَ<br>غَضِبَ | رَ ضِ یَ<br>رَضِیَ | بَ رِ قَ<br>بَرِقَ | كَ رِ هَ<br>كَرِهَ | اِ رَ مَ<br>اِرَمَ |
| عَ رِ مِ<br>عَرِمِ | عَ مِ لَ<br>عَمِلَ | حَ بِ طَ<br>حَبِطَ | بَ خِ لَ<br>بَخِلَ | خَ شِ یَ<br>خَشِیَ | عَ لِ مَ<br>عَلِمَ | فَ لِ مَ<br>فَلِمَ |





# پیش کی مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رُ سُ لُ<br>رُسُلُ | رُ بُ عُ<br>رُبُعُ | سُ بُ لَ<br>سُبُلَ | وُ جِ دَ<br>وُجِدَ | لُ عِ نَ<br>لُعِنَ | فُ عِ لَ<br>فُعِلَ | جُ عِ لَ<br>جُعِلَ |
| اُ فُ قِ<br>اُفُقِ | حُ بُ كِ<br>حُبُكِ | خُ لِ قَ<br>خُلِقَ | تَ زِ رُ<br>تَزِرُ | قُ ضِ یَ<br>قُضِیَ | یَ هَ بُ<br>یَهَبُ | فُ تِ حَ<br>فُتِحَ |
| اُ خَ رُ<br>اُخَرُ | خَ بُ ثَ<br>خَبُثَ | حَ سُ نَ<br>حَسُنَ | سُ ءِ لَ<br>سُئِلَ | صُ حُ فِ<br>صُحُفِ | اَ عِ ظُ<br>اَعِظُ | ذُ كِ رَ<br>ذُكِرَ |
| كُ تِ بَ<br>كُتِبَ | سُ قِ طَ<br>سُقِطَ | وَ هُ وَ<br>وَهُوَ | حُ شِ رَ<br>حُشِرَ | عُ رِ ضَ<br>عُرِضَ | قُ رِ ئَ<br>قُرِئَ | مُ نِ عَ<br>مُنِعَ |

# الف مدہ

خالی الف سے پہلے اگر زبر ہو | اَ | تو اسے الف مدہ کہتے ہیں۔




**الف مدہ**: اگر کسی حرف کے تلفظ پر ہونٹوں کو کسی قدر اوپر کی طرف کھولتے ہوئے چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اسے زبر کا قاعدہ کہتے ہیں **اور اگر** اس سے دوگنی لمبی آواز کے ساتھ ادائیگی کی جائے تو اسے **الف مدہ** کا قاعدہ کہتے ہیں۔

مثلاً: بَ زبر بَ اور اگر آواز دوگنی لمبی کر دی جائے تو بَ زبر الف بَا










نوٹ: موٹے حروف کے بعد جب الف آجائے تو الف مدہ کی موٹی ادائیگی کی جاتی ہے

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَا | رَا | ذَا | دَا | خَا | حَا | جَا | ثَا | تَا | بَا |
| قَا | فَا | غَا | عَا | ظَا | طَا | ضَا | صَا | شَا | سَا |
| | يَا | ءَا | هَا | وَا | نَا | مَا | لَا | كَا | |

## الف مدہ کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَاقَ | اَرَادَا | اَرَادَ | قَالَا | قَالَ |
| فَمَاذَا | مَعَاذَ | اَصَابَهَا | اَصَابَ | ذَاقَا |
| يَزَالُ | عَاقَبَ | ءَامَنَ | طَاقَةَ | فَتَابَ |
| وَكَانَ | اَصَابَ | لِسَانِ | ثَالِثُ | وَضَاقَ |
| ظَاهِرَ | ذَاتَ | حَارَبَ | هَادِیَ | فَقَالَ |


# یائے مدہ


جزم والی ی سے پہلے اگر زیر ہو ـِیْ تو اسے یائے مدہ کہتے ہیں۔



**یائے مدہ** اگر کسی حرف کے تلفظ پر ہونٹوں کو کسی قدر نیچے کی طرف مائل کرتے ہوئے چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اسے زیر کا قاعدہ کہتے ہیں اور اگر اس سے **اور اگر** دوگنی لمبی آواز کے ساتھ ادائیگی کی جائے تو اسے **یائے مدہ** کا قاعدہ کہتے ہیں۔

مثلاً: ب زیر بِ اور اگر آواز دوگنی لمبی کر دی جائے تو ب زیری بِیْ




نوٹ: موٹے حروف کے بعد جب یائے مدہ آجائے تو یائے مدہ کی ادائیگی باریک ہی کی جاتی ہے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِیْ | تِیْ | ثِیْ | جِیْ | حِیْ | خِیْ | دِیْ | ذِیْ | رِیْ | زِیْ |
| سِیْ | شِیْ | صِیْ | ضِیْ | طِیْ | ظِیْ | عِیْ | غِیْ | فِیْ | قِیْ |
| | کِیْ | لِیْ | مِیْ | نِیْ | وِیْ | ھِیْ | اِیْ | یِیْ | |

## یائے مدہ کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صِرَاطِیْ | صِرَاطِ | عِبَادِیْ | عِبَادِ | عَذَابِیْ |
| عَذَابِ | لِاَخِیْهِ | نُرِیْ | کُلِیْ | یَمِیْزَ |
| بَنَاتِیْ | صِرَاطِیْ | اِیْمَانَ | عِیْدِ | سَنَزِیْدُ |
| یَضِیْقُ | تُثِیْرُ | نَسِیْتُ | اُصِیْبُ | وَقِیْلَ |
| اَکِیْدُ | مُهِیْنِ | وَحِیْنَ | ذِیْ ثَلَاثِ | عَظِیْمِ |


# واؤ مدہ


جزم والے واؤ سے پہلے اگر پیش ہو ـُوْ تو اسے واؤ مدہ کہتے ہیں۔



**واؤ مدہ** اگر کسی حرف کے تلفظ پر ملتے ہونٹوں کو آگے کی جانب بڑھا کر یعنی ہونٹوں کو مکمل گولائی کی طرف حرکت دیتے ہوئے ایک چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اسے پیش کا قاعدہ کہتے ہیں۔ **اور اگر** اس سے دوگنی لمبی آواز کے ساتھ ادائیگی کی جائے تو اسے **واؤ مدہ** کا قاعدہ کہتے ہیں۔

مثلاً: **ب پیش بُ** اور اگر آواز دوگنی لمبی کر دی جائے تو **ب پیش و بُوْ**




نوٹ: موٹے حروف کے بعد جب واؤ مدہ آجائے تو واؤ مدہ کی ادائیگی باریک ہی کی جاتی ہے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُوْ | تُوْ | ثُوْ | جُوْ | حُوْ | خُوْ | دُوْ | ذُوْ | رُوْ | زُوْ |
| سُوْ | شُوْ | صُوْ | ضُوْ | طُوْ | ظُوْ | عُوْ | غُوْ | فُوْ | قُوْ |
| | كُوْ | لُوْ | مُوْ | نُوْ | وُوْ | هُوْ | اُوْ | یُوْ | |

## واؤ مدہ کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَتُوْبُوْا | اَتُوْبُ | اَفِیْضُوْا | تَفِیْضُ | تَخَافُوْا |
| اَخَافُ | نُوْحِیْهَا | اُوْذِیْنَا | اَطِیْعُوْنِ | یَقُوْلُوْنَ |
| فَتُوْبُوْا | وَرَابِطُوْا | اُوْتِیَ | عُوْقِبَ | بَرَزُوْا |
| وَرَضُوْا | لِمَانُهُوْا | فَرِحُوْا | نَكَثُوْا | فَنَسُوْا |
| خَلَصُوْا | وَاُوْذُوْا | حَافِظُوْا | تَرَكُوْا | خَرَقُوْا |


# حروف مدہ اور کھڑی حرکات

قرآن مجید میں اکثر جگہوں پر حروف مدہ ( بَا بِیْ بُوْ ) لکھنے کی بجائے ان کو کھڑی حرکات ( بٰ بٖ بٗ ) سے بھی ظاہر کر دیا جاتا ہے۔ بات ہر دو صورتوں میں ایک ہی ہوتی ہے یعنی دونوں کو ایک الف کے برابر ہی لمبا کرتے ہوئے ادائیگی کی جاتی ہے۔صرف لکھنے کا انداز فرق ہوجاتا ہے ۔ جیسے:

| | | |
|---|---|---|
| بَا = بٰ | بِیْ = بٖ | بُوْ = بٗ |


# کھڑا زبر

حرف کے اوپر سیدھی سی لکیر (ـٰ) کو کھڑا زبر کہتے ہیں۔



**کھڑا زبر:** اگر کسی حرف کے تلفظ پر ہونٹوں کو کسی قدر اوپر کی طرف کھولتے ہوئے چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اسے زبر کا قاعدہ کہتے ہیں **اور اگر** اس سے دوگنی لمبی آواز کے ساتھ ادائیگی کی جائے تو اسے **الف مدہ** اور **کھڑا زبر** کا قاعدہ کہتے ہیں ۔

مثلًا : ب زبر الف بَا = بٰ




| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَا = بٰ | تَا = تٰ | ثَا = ثٰ | جٰ | حٰ | خٰ | دٰ | ذٰ | | | |
| رٰ | زٰ | سٰ | شٰ | صٰ | ضٰ | طٰ | ظٰ | عٰ | غٰ | فٰ |
| | قٰ | كٰ | لٰ | مٰ | نٰ | وٰ | هٰ | ءٰ = اٰ | یٰ | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **کھڑے زبر کی مشق** | | | مٰلِكِ = مَالِكِ | | كِتٰبُ = كِتَابُ | |
| قٰلَ = قَالَ | | اٰتٰهَا | سَمٰوٰتِ | اٰيٰتِ | سُكٰرٰى | اٰتِنَا |
| خٰلَتِكَ | اٰمَنُوْا | عٰهَدُوْا | تَزٰوَرُ | يُضٰعَفُ | اٰثٰرِ | اُسٰرٰى |
| نَصٰرٰى | مِيْكٰلَ | قٰلَ | هٰذَا | يُوْحٰى | ذٰلِكُمَا | تَظٰهَرَا |

| | | |
|---|---|---|
| بَا = بٰ | بِیْ = بٖ | بُوْ = بٗ |


# کھڑی زیر

حرف کے نیچے سیدھی سی لکیر (ٖ) کو کھڑی زیر کہتے ہیں۔



**کھڑی زیر:** اگر کسی حرف کے تلفظ پر ہونٹوں کو کسی قدر نیچے کی طرف مائل کرتے ہوئے چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اسے زیر کا قاعدہ کہتے ہیں **اور اگر** اس سے دوگنی لمبی آواز کے ساتھ ادائیگی کی جائے تو اسے **یائے مدہ** اور **کھڑی زیر** کا قاعدہ کہتے ہیں۔

مثلاً : ب زیری بِیْ = بٖ




| | | | |
|---|---|---|---|
| بِیْ = بٖ | تِیْ = تٖ | ثِیْ = ثٖ | نوٹ: قرآن مجید میں کھڑی زیر صرف ہ ء اور ی کے نیچے ہی آتی ہے |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هِیْ = هٖ | اِیْ = اٖ | یِیْ = یٖ | هٖ | اٖ | یٖ | هٖ | اٖ |

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یٖ | اٖ | هٖ | یٖ | اٖ | یٖ | هٖ | یٖ | هٖ | اٖ | هٖ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **کھڑی زیر کی مشق** | اِلٰفِ = اِیْلَافِ | | مِیْثَاقِهٖ | رُسُلِهٖ | رَسُوْلِهٖ |
| اٰیٰتِهٖ | بِوَلَدِهٖ | عِبَادِهٖ | عِبَادَتِهٖ | ثَمَرِهٖ | تِلَاوَتِهٖ | کُتُبِهٖ |
| وَجُنُوْدِهٖ | سَعَتِهٖ | هٰذِهٖ | بِیَدِهٖ | مَوَاضِعِهٖ | سَبِیْلِهٖ | مِیْثَاقِهٖ |
| رُسُلِهٖ | رَسُوْلِهٖ | اٰیٰتِهٖ | اٰیٰتِهٖ | عِبَادِهٖ | عِبَادَتِهٖ | ثَمَرِهٖ |

| | | |
|---|---|---|
| بَا \ = بٰ \ | بِیْ / = بٖ / | بُوْ = بٗ |


# الٹا پیش


حرف کے اوپر اس نشان (ٗ) کو الٹا پیش کہتے ہیں۔



**الٹا پیش**: اگر کسی حرف کے تلفظ پر ملتے ہونٹوں کو آگے کی جانب بڑھا کر یعنی ہونٹوں کو مکمل گولائی کی طرف حرکت دیتے ہوئے ایک چھوٹی سی آواز پیدا کی جائے تو اسے پیش کا قاعدہ کہتے ہیں۔ **اور اگر** اس سے دوگنی لمبی آواز کے ساتھ ادائیگی کی جائے تو اسے **واؤ مدہ** اور **الٹا پیش** کا قاعدہ کہتے ہیں۔

مثلاً: ب پیش و بُوْ = بٗ




| | | | |
|---|---|---|---|
| بُوْ = بٗ | تُوْ = تٗ | ثُوْ = ثٗ | نوٹ: قرآن مجید میں الٹا پیش صرف و ہ اور ء پر ہی آتا ہے۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وُوْ = وٗ | هُوْ = هٗ | اُوْ = ءٗ | وٗ | هٗ | ءٗ | وٗ | هٗ |

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءٗ | هٗ | وٗ | ءٗ | وٗ | هٗ | وٗ | ءٗ | هٗ | ءٗ | وٗ |

## الٹے پیش کی مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دَاوٗدُ = دَاوُوْدُ | | | وٗرِیَ = وُوْرِیَ | | | |
| لِیَسُوْءٗ = لِیَسُوْءُوْ | | كَلِمَتُهٗ | اٰیٰتُهٗ | مَاوٗرِیَ | رِسَالَتَهٗ | فِصٰلُهٗ |
| لِیُرِیَهٗ | نَصَرَهٗ | خِتٰمُهٗ | فَقَتَلَهٗ | مِزَاجُهٗ | وَرِثَهٗ | مَاوٗرِیَ |
| كَلِمَتُهٗ | لِیُرِیَهٗ | رِسَالَتَهٗ | فِصٰلُهٗ | یَرَهٗ | اٰیٰتُهٗ | خِتٰمُهٗ |

# ولین

جزم والے واؤ سے پہلے اگر زبر ہو (ـَوْ) تو اسے واؤ لین کہتے ہیں۔



**ادائیگی کا طریقہ:** واؤ لین کی ادائیگی میں ہونٹ ابھی زبر کی طرح کھلنے کو ہی ہوتے ہیں کہ (نرمی سے بغیر لمبا کئے) دونوں ہونٹوں کو بالکل گول کرتے ہوئے ادائیگی کی جاتی ہے۔




ہونٹ ابھی زبر کی طرح اوپر کھلنے کو ہی ہوتے ہیں     کہ بالکل گول کرتے ہوئے ادائیگی کی جاتی ہے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَوْ | تَوْ | ثَوْ | جَوْ | حَوْ | خَوْ | دَوْ | ذَوْ | رَوْ |
| زَوْ | سَوْ | شَوْ | صَوْ | ضَوْ | طَوْ | ظَوْ | عَوْ | غَوْ |
| | فَوْ | قَوْ | كَوْ | لَوْ | مَوْ | نَوْ | وَوْ | |
| | | | هَوْ | اَوْ | يَوْ | | | |

## ولین کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَعَالَوْا | فَنَادَوْا | مَوْجُ | طَغَوْا | عَلَوْا |
| سَوْفَ | فَوْقَ | يَرَوْنَا | حَوْلَ | فَتَعَاطَوْا |
| نَوْمَ | خَوْفَ | قَضَوْا | وَتَوَاصَوْا | عَوْرَاتِ |
| اَوْسَطِ | ثَوْبُ | سَوْءَةَ | بِصَوْتِكَ | كَوْثَرَ |
| قَوْمُكَ | اُذَوْا | زَوْجَهَا | تَرَاضَوْا | وَنَهَوْا |
| حَوْلَهٗ | عَفَوْنَا | مَوْقُوْفُوْنَ | اَوْحٰى لَهَا | يَرَوْنَهُوْا |

# ی لین

جزم والی ی سے پہلے اگر زبر ہو (ـَـیْ) تو اسے یائے لین کہتے ہیں۔

**ادائیگی کا طریقہ:** ی لین کی ادائیگی میں ہونٹ ابھی زبر کی طرح کھلنے کو ہی ہوتے ہیں کہ (نرمی سے بغیر لمبا کئے) ہونٹوں کو اطراف پر کھینچتے ہوئے ادائیگی کی جاتی ہے۔





ہونٹ ابھی زبر کی طرح اوپر کھلنے کو ہی ہوتے ہیں



کہ اطراف پر کھینچتے ہوئے ادائیگی کی جاتی ہے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَیْ | تَیْ | ثَیْ | جَیْ | حَیْ | خَیْ | دَیْ | ذَیْ | رَیْ |
| زَیْ | سَیْ | شَیْ | صَیْ | ضَیْ | طَیْ | ظَیْ | عَیْ | غَیْ |
| | فَیْ | قَیْ | کَیْ | لَیْ | مَیْ | نَیْ | وَیْ | |
| | | | ھَیْ | اَیْ | يَيْ | | | |

## یائے لین کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اٰتَيْنَا | غَيْبِ | بَيْنَ | عَلَيْهَا | عَصَيْنَا |
| فَعَلَيْهَا | لَيْلَةُ | زَوْجَيْنِ | هَيْهَاتَ | عَيْنَيْنِ |
| شَيْطٰنِ | بَيْنِيْ | وَبَيْنَكَ | يٰوَيْلَتٰى | لَيْتَنِيْ |
| قَوْسَيْنِ | لَا رَيْبَ | سُلَيْمٰنَ | اَيْنَ | عَيْنَ |
| فَكَيْفَ | سَقَيْتَ | سَيْلَ | صَيْدُ | زَيْتُهَا |
| ضَيْفِهٖ | اِلٰهَيْنِ | صَالِحَيْنِ | حَوْلَيْنِ | كَامِلَيْنِ |

# جزم




اس نشان (ـْ) کو جزم کہتے ہیں جو حرف کے اوپر لکھا جاتا ہے ، جزم والا حرف ہمیشہ اپنے سے پچھلے زبر زیر پیش والے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے ، جزم کے لغوی معنی ٹھہراؤ سکون اور اپنی جگہ پر قائم رہنے یعنی حرکت کی مخالفت کے ہیں۔

پس جزم والے حرف کو اس سے پچھلے زبر زیر پیش والے حرف کے ساتھ فوراً ملاتے ہوئے، جزم والے حرف کی آواز کو اس کے مخرج (نکلنے کی جگہ) میں ٹھہرا دیا جاتا ہے۔یعنی آواز کو خوب ظاہر کر کے جماؤ سے ادا کرتے ہوئے منہ اور زبان کو معمولی سی حرکت سے بھی محفوظ رکھا جاتا ہے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفْ | اُفْ | اِفْ | اَحْ | اُحْ | اِحْ | اَثْ | اُثْ | اِثْ |
| اَھْ | اُھْ | اِھْ | اَشْ | اُشْ | اِشْ | اَخْ | اُخْ | اِخْ |
| اَصْ | اُصْ | اِصْ | اَسْ | اُسْ | اِسْ | اَغْ | اُغْ | اِغْ |
| اَزْ | اُزْ | اِزْ | اَضْ | اُضْ | اِضْ | اَذْ | اُذْ | اِذْ |
| اَظْ | اُظْ | اِظْ | حرف لین اَوْ | ☆ | حرف مده اُوْ | حرف لین اَیْ | ☆ | حرف مده اِیْ |
| اَلْ | اُلْ | اِلْ | اَنْ | اُنْ | اِنْ | تَعْ | تُعْ | تِعْ |
| اَمْ | اُمْ | اِمْ | اَرْ | اُرْ | اِرْ | اَتْ | اُتْ | اِتْ |
| اَكْ | اُكْ | اِكْ | | | | | | |



★ قُطُبُ جَدٍ (ق ط ب ج د) پر جزم ہو تو ادائیگی میں آواز اچھل جاتی ہے۔
لہٰذا انہیں کچھ قوت اور سختی کے ساتھ پڑھیں تا کہ آواز ہل جائے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَقْ | اُقْ | اِقْ | اَطْ | اُطْ | اِطْ | اَبْ | اُبْ | اِبْ |
| اَجْ | اُجْ | اِجْ | اَدْ | اُدْ | اِدْ | | | |

★ ہمزہ پر جزم ہو تو آواز اور سانس بیک وقت روکتے ہوئے سختی سے ادائیگی کی جاتی ہے۔
مگر آواز کو ہلنے سے بچایا جاتا ہے۔



| | | |
|---|---|---|
| مَءْ | مُءْ | مِءْ |

## جزم کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جزم کی مشق | خِفْتِ | يُفْسِدُوْنَ | نَحْنُ | اِحْدٰهُمَا |
| مِثْقَالَ | يُثْخِنَ | اِهْدِنَا | يُهْلِكَ | خَشْيَةِ |
| اُشْرِبُوْا | اِخْرَاجُ | يُخْلِفَ | اَصْلَحَ | نُصْلِيْهِ |
| عَسْعَسَ | اِسْحٰقَ | تُحْشَرُوْنَ | اَحْسَنُ | يَزِغْ |
| يُغْنِ | اُزْلِفَتِ | حِزْبَ | يُضْلِلِ | بِاِذْنِ |
| يُذْكَرَ | اَظْلَمُ | حرف مده اِيْتُوْنِىْ | حرف لين اَيْنَ | حرف مده اُوْذُوْا |
| حرف لين اَوْفُوْا | فَقُلْ | صُنْعَ | نَعْبُدُ | يُعْلِنُوْنَ |
| يَرْجِعُوْنَ | فِتْنَتُكَ | فَيَمُتْ | تَكْرَهُوْا | رُسُلِكَ |

★ قُطْبُ جَدٍّ (ق ط ب ج د) پر جزم ہو تو ادائیگی میں آواز اچھل جاتی ہے۔
لہٰذا انہیں کچھ قوت اور سختی کے ساتھ پڑھیں تا کہ آواز ہل جائے۔



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خَلَقْنَا | شَطْرَهٗ | قَبْلِكَ | تَجْرِىْ | اَدْنٰى |
| اُقْسِمُ | يُطْعِمُ | وَتُبْ | تُجْزَوْنَ | يَجِدُ |
| رُزِقْنَا | اِطْعَامُ | جِبْرِيْلَ | رِجْزَ | وَتُدْلُوْا |
| يُقْبَلُ | تُطْعِمُوْنَ | سُبْحٰنَكَ | مُجْرِمِيْهَا | عُدْوَانَ |
| | | | نَاْتِ | يُؤْمِنُوْنَ |
| | | | رُءْيَاكَ | شِئْتُمَا |

★ ہمزہ پر جزم ہو تو آواز اور سانس بیک وقت روکتے ہوئے
سختی سے ادائیگی کی جاتی ہے۔مگر آواز کو ہلنے سے بچایا جاتا ہے۔



# شد




اس نشان (ـّ) کو شد کہتے ہیں۔ جو کسی حرکت یعنی زبر زیر پیش وغیرہ کے ساتھ حرف کے اوپر لکھا جاتا ہے۔ شد والا حرف ہمیشہ اپنے سے پچھلے زبر زیر پیش والے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے۔ عربی زبان میں جب بھی ایک طرح کے دو حروف ایک لفظ میں اس طرح جمع ہو جائیں کہ پہلا جزم والا اور دوسرا حرکت والا ہو (اَسْ سَ) تو دو حروف لکھنے کی بجائے ایک حرف لکھ کر اس پر شد کا نشان بنا دیا جاتا ہے (اَسَّ) تاکہ دو حرفوں کی طرح ہی اُسے پڑھ لیا جائے۔ لہٰذا اس کو پڑھنے میں وقت بھی دو حرفوں کی ادائیگی کے برابر لگتا ہے۔


**طریقہ ادائیگی:** شد کے لغوی معنی آپس میں ملانے اور سختی سے باندھنے کے ہیں۔ اس کی ادائیگی کا مخصوص طریقہ یہ ہے کہ پچھلے زبر زیر پیش والے حرف کو شد والے حرف کے ساتھ فوراً ملاتے ہوئے شد والے حرف پر ہلکا سا دباؤ پیدا کیا جاتا ہے۔ اور دباؤ کے فوراً بعد ہی شد والے حرف پر موجود حرکت کی ادائیگی کر دی جاتی ہے جبکہ دوران ادائیگی خیال رکھا جاتا ہے کہ شد والے حرف اور حرکت کی ادائیگی کے درمیان فاصلہ ظاہر نہ ہونے پائے جیسے: اَسَّ، اَشَّ، اَفَّ، اَذَّ

- موٹے حروف پر جب شد ہو اور اس سے ملنے والے حروف اگر باریک ہوں تو خاص طور پر خیال رکھا جاتا ہے کہ باریک حروف باریک اور موٹے حروف موٹے ہی ادا ہوں۔
- موٹے حروف ہمیشہ موٹے ہی ادا کیے جاتے ہیں البتہ موٹے حروف پر جب شد زبر الف (اَطَّا) ہو یا شد کھڑی زبر (اَطّٰ) ہو تو سب سے زیادہ موٹا اور اگر شد زبر (اَطَّ) ہو تو اس سے تھوڑا کم موٹا شد پیش (اُطُّ) ہو تو اس سے کم مُوٹا اور شد زیر (اِطِّ) ہو تو مزید کچھ کم موٹا ادا کیا جاتا ہے۔
- موٹے حروف پر جب شد ہو تو شد والے دونوں حرفوں کو ایک جیسا برابر کا موٹا پڑھتے ہوئے ادا کیا جاتا ہے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَّ | اُفُّ | اِفِّ | اَحَّ | اُحُّ | اِحِّ | اَثَّ | اُثُّ | اِثِّ |
| اُهُّ | اِهِّ | اَشَّ | اُشُّ | اِشِّ | اَخّٰ | اَخَّ | اُخُّ | اِخِّ |
| اَصّٰ | اَصَّ | اُصُّ | اِصِّ | اَسَّ | اُسُّ | اَغَّ | اُغُّ | اِغِّ |
| اَزَّ | اُزُّ | اِزِّ | اَضّٰ | اَضَّ | اُضُّ | اِضِّ | اَذَّ | اُذُّ |
| اَظّٰ | اَظَّ | اُظُّ | اِظِّ | اَیَّ | اِیِّ | اَوَّ | اُوُّ | اِوِّ |

**شد والے نون پر غنہ کرنے کا طریقہ:**

نون شد کے غنہ میں زبان کو نون کے نکلنے کی جگہ پر ہلکے سے دباؤ کے ساتھ لگاتے ہوئے آواز کو ناک کی جڑ سے ایک الف کی مقدار کے برابر جاری رکھ کر ادائیگی کی جاتی ہے۔





**شد والے میم پر غنہ کرنے کا طریقہ:**

میم شد کے غنہ میں ہونٹوں کے اندرونی خشک حصے (ہلکے سے دباؤ کے ساتھ ملا کر آواز کو ناک کی جڑ سے ایک الف کی مقدار کے برابر جاری رکھ کر ادائیگی کی جاتی ہے۔






| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءَلَّ | اَلَّ | اِلِّ | اَنَّ | اُنُّ | اِنِّ | تَعَّ | تُعُّ | تِعِّ |
| اَمَّ | اُمُّ | اِمِّ | اَرَّ | اُرُّ | اِرِّ | اَتَّ | اُتُّ | اِتِّ |
| اَكَّ | اُكُّ | اِكِّ | اَقّٰ | اَقَّ | اُقُّ | اِقِّ | اَطّٰ | اَطَّ |
| اُطُّ | اِطِّ | اَبَّ | اُبُّ | اِبِّ | اَجَّ | اُجُّ | اِجِّ | اَدَّ |
| | | | | | | | اُدُّ | اِدِّ |

# شد کی مشق

★ ظاہر ہے باریک حروف کو باریک اور موٹے حروف کو موٹا ادا کیا جاتا ہے، اور ص ض ط ظ کی آواز بھری ہوئی بھی ہوتی ہے اب درج ذیل حرفوں کی مزید دو صفات یعنی:

(1) حرفوں کی آواز جاری رہنے یا رُک جانے کے لحاظ سے اور

(2) سانس کے جاری رہنے یا رک جانے کے لحاظ سے اب اگلی تختیوں کو ترتیب دیا گیا ہے، ان صفات کو مدنظر رکھتے ہوئے اساتذہ کرام ادائیگی کروائیں:

① فَحَثَّهٗ شَخْصٌ س ≫ انتہائی نرم اور ہلکے پھلکے حروف ≫ آواز اور سانس جاری رہتے ہیں۔ ≫ لہٰذا آواز میں نرمی اور پستی پائی جاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَفَّلَهَا | يَكُفُّوْنَ | يَزِفُّوْنَ | وُفِّيَتْ |
| شُحَّ | لِيُمَحِّصَ | شُحَّ | اَلْمُسَحَّرِيْنَ |
| وَبَثَّ | يَبُثُّ | بَثِّيْ | اَلثُّلُثُ |
| فَمَهِّلِ | اَلْوَهَّابُ | تَلَهّٰى | اَلْقَهَّارُ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُنَشَّاُ | اَهُشُّ | بِالشَّهَادَةِ | بُشِّرَ |
| اَلْفَخَّارِ | وَسَخَّرَ | تَاَخَّرَ | يُؤَخِّرُ |
| اَلصّٰلِحٰتِ | فَصَّلَ | يَقُصُّ | حُصِّلَ |
| اَحَسَّ | يَدُسُّهٗ | يُمَسِّكُوْنَ | اُسِّسَ |

2 غازیو (غ ا ز ذ ظ ض ی و) نرم حروف آواز جاری سانس رک جاتا ہے۔ لہٰذا آواز میں بلندی اور قوت پائی جاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَغْشٰى | تُغْنِىَ | يَزِغْ | يُغْنِ |
| نَزَّلَهٗ | وَالْعُزّٰى | وَتُعِزُّ | تَؤُزُّهُمْ |
| نَضَّاخَتَانِ | فَضَّلَ | يَحُضُّ | نُفَضِّلُ |
| وَاَيَّدْنٰهُ | اِيَّاكَ | زُيِّنَ | اَمَانِيُّهُمْ |
| كَذَّبُوْا | اَلذَّكَرُ | فَاَذَّنَ | اَلذُّنُوْبَ |
| وَالظَّاهِرُ | اَلظَّهِيْرَةِ | اَلظُّلُمٰتُ | حَظِّ |
| جَوِّ | اَوَّلَ | عَدُوِّىْ | تُبَوِّئُ |

لِنْ عُمَرْ

③ لِن عمر (ل ن ع م ر) درمیانے حروف — آواز نہ جاری نہ بند مگر سانس رک جاتا ہے۔ — لہٰذا آواز میں کچھ سختی اور قوت پائی جاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَالْعَافِيْنَ | بِسْمِ اللّٰهِ | بِكُلِّ | فَغُلُّوْهُ |
| اَنْعَمْتَ | مِنْهَا | اٰمَنَّا | فَاِنِّيْ |
| نَعْبُدُ | يُعْلِنُوْنَ | يَدُعُّ | سُعِّرَتْ |
| عَلَيْهِمْ | مَالَمْ | فَلَمَّا | وَاُمُّهٗ |
| يَرْجِعُوْنَ | فِرْعَوْنَ | مَرّٰتٍ | وَبُرِّزَتِ |

④ ت ك سخت حروف — آواز رک جاتی ہے مگر سانس ہلکا سا جاری — لہٰذا آواز میں کچھ پستی پائی جاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَانَتْ | فَيَمُتْ | سِتِّيْنَ | عَنِتُّمْ |
| رُسُلِكَ | تَكْرَهُوْا | بِبَكَّةَ | سُكِّرَتْ |

⑤ قُطُبُ جَدٍّ اور ء سخت اور قوی حروف — آواز اور سانس بیک وقت رک جاتے ہیں۔ — لہٰذا آواز میں سختی اور خوب بلندی پائی جاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَتَلَقّٰى | حُقَّتْ | وَيُحِقُّ | لِلْحَقِّ |
| اَلطَّاغُوْتِ | اَطَّلَعَ | اَلطُّوْرِ | عُطِّلَتْ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبَّنَا | تَسُبُّوْا | نُسَبِّحُ | شُبِّهَ |
| تَعَجَّلَ | فَنُجِّيَ | حِجُّ | لَجُّوْا |
| فَبَدَّلَ | فَرُدُّوْهُ | يَهِدِّيْ | يَصُدُّوْنَ |

نوٹ: شد اور جزم والے حرف کو پچھلے زبر زیر پیش والے حرف کے ساتھ ملایا جاتا ہے درمیان والے خالی حروف پڑھنے میں نہیں آتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَتَرَى الشَّمْسَ | عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | وَالْقَمَرِ | فِي الْكِتٰبِ |

# شد کے بعد شد



قرآن مجید میں کبھی کبھار دو شدیں اکٹھی لکھی ہوئی آجاتی ہیں جنہیں سہولت سے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے شد والے حرف کو بالکل جزم کے انداز میں پڑھا جاتا ہے اور پھر فوراً ہی اسی حرف کو دوسرے شد والے حرف کے ساتھ ملا کر پڑھ لیا جاتا ہے۔

جیسے: يَصَّدَّ اس لفظ میں سب سے پہلے صاد کو جزم کی حالت میں پچھلے حرف سے ملاتے ہوئے پڑھیں یعنی يَصْ اور دفعتاً آپ محسوس کریں گے کہ باقی صرف شد کی سادہ سی ادائیگی رہ جاتی ہے یعنی صَدَّ۔ چنانچہ يَصَّدَّ کی مکمل ادائیگی یوں ہوگی يَصْ صَدَّ

يَزَّكّٰى → يَزْ / زَكّٰى

اَلْمُزَّمِّلُ → اَلْمُزْ / زَمِّلُ

اَلْمُدَّثِّرُ → اَلْمُدْ / دَثِّرُ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَزَّكّٰى | اَلْمُزَّمِّلُ | اَلْمُدَّثِّرُ | يَشَّقَّقُ | يَسَّمَّعُوْنَ |
| يَصَّعَّدُ | يَذَّكَّرُ | عِلِّيِّيْنَ | رِبِّيُّوْنَ | اِنَّ السَّمْعَ |
| مُطَّهِّرِيْنَ | ذُرِّيَّتَهٗ | اِلَّا الَّذِيْنَ | مِنَ الطَّيِّبٰتِ | اَشَدَّ النَّاسِ |

# کبھی موٹے اور کبھی باریک پڑھے جانے والے تین حروف (ل ا ر)

لفظ جلالہ اللہ کے لام سے پہلے اگر زبر یا پیش ہو تو لفظ جلالہ اللہ کے دونوں لام ہمیشہ خوب موٹے پڑھے جاتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| جیسے | هُوَ اللّٰهُ | نَارُ اللّٰهِ |

اور اگر لفظِ جلالہ اللہ کے لام سے پہلے زیر ہو تو لفظِ جلالہ اللہ کے دونوں لام ہمیشہ باریک پڑھے جاتے ہیں۔
بالکل ایسے جیسے حرف ل کی ادائیگی ہمیشہ باریک کی جاتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| جیسے | بِسْمِ اللّٰهِ | لِلّٰهِ |

موٹے حروف کے بعد جب الف آ جائے تو وہ الف موٹا پڑھا جاتا ہے۔


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جیسے | طَالُوْتَ | اَصَابَ | ظَاهِرَ | فَقَالَ | خَالِدِيْنَ |

باریک حروف کے بعد جب الف آ جائے تو وہ الف باریک ہی پڑھا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| جیسے | فَتَابَ | لِسَانِ |

## درج ذیل الفاظ کی ادائیگی کیجیے


### لام اور الف کی باریک ادائیگی



**خیال رکھیے**
باریک الف کو اتنا باریک نہ کیا جائے کہ آواز میں جھکاؤ پیدا ہو جائے یعنی ہونٹوں کو جھکا کر ادائیگی کرنے سے بچائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ | لِلّٰهِ | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ |
| بِاللّٰهِ | فَتَابَ | لِسَانِ |
| وَ زَادَهٗ | ذَاتَ | يَكَادُ |
| عَاقِبَةُ | وَ كَانَ | يَزَالُ |

### لام اور الف کی موٹی ادائیگی



**خیال رکھیے**
موٹے الف کو اتنا موٹا نہ کیا جائے کہ آواز واؤ کی سی مشابہت اختیار کر جائے یعنی ہونٹوں کو گول کر کے ادائیگی کرنے سے بچائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| اَللّٰهُ | اِنَّ اللّٰهَ | اَرَادَ اللّٰهُ |
| اَمَرَ اللّٰهُ | طَالُوْتَ | اَصَابَ |
| مَرْضَاتِ | ظَاهِرَ | فَقَالَ |
| قَالَ | فَقَالَ | وَضَاقَ |

# جزم والا نون = تنوین




جزم والے نون کو نون ساکن کہتے ہیں اور دو زبر دو زیر دو پیش کو تنوین کہتے ہیں۔ نون ساکن اور تنوین دراصل دونوں ایک ہی ادائیگی کا نام ہیں۔ جیسا کہ قرآن مجید میں جزم والے نون کی آواز کو ادا کرنے کے لیے کبھی تو ہمیں نون ساکن لکھا ہوا ملتا ہے جیسے مِنۡ اور کبھی تنوین لکھی ہوئی مل جاتی ہے۔ جیسے مٍ ۔پس یہ دونوں ایک ہی ادائیگی کے دو مختلف نام ہیں۔ اس لیے علمِ تجوید میں جزم والے نون اور تنوین کے لیے یکساں قواعد بیان کیے جاتے ہیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو زبر | بَنۡ = بًا | تَنۡ = تًا | ثَنۡ = ثًا | جًا | حًا | خًا | | | |
| سًا | صًا | زًا | عًا | رًا | كًا | قًا | فًا | ءً | يًا |
| بَطۡشًا | اِنَاثًا | لِبَاسًا | خَالِصًا | اِلٰهًا | طِلحًا | عَزِيۡزًا | مَرِيۡضًا | | |
| جُذَاذًا | حَفِيۡظًا | مَتَاعًا | رِدۡاً | مُبٰرَكًا | فَرِيۡقًا | اَمۡوَاتًا | اَسۡبَاطًا | | |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو زیر | بِنۡ = بٍ | تِنۡ = تٍ | ثِنۡ = ثٍ | جٍ | حٍ | خٍ | | | |
| زٍ | ضٍ | ءٍ | عٍ | غٍ | رٍ | ذٍ | ظٍ | وٍ | يٍ |
| صِبۡغٍ | مُكۡثٍ | بَاۡسٍ | نَقۡصٍ | اِلٰهٍ | بِرِيۡحٍ | كُنُوۡزٍ | تَرَاضٍ | | |
| مَجۡذُوۡذٍ | مَحۡفُوۡظٍ | اَرۡبَعٍ | لِسَبَاٍ | مُلۡكٍ | صِدۡقٍ | حَسَرٰتٍ | صِرَاطٍ | | |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو پیش | بُنۡ = بٌ | تُنۡ = تٌ | ثُنۡ = ثٌ | جٌ | حٌ | خٌ | | | |
| سٌ | صٌ | ءٌ | عٌ | غٌ | رٌ | نٌ | وٌ | هٌ | يٌ |
| نَزۡغٌ | حَرۡثٌ | نَفۡسٌ | حَرِيۡصٌ | اِلٰهٌ | جُنَاحٌ | عَزِيۡزٌ | بِيۡضٌ | | |
| اُخِذٌ | حَافِظٌ | سَبۡعٌ | ظَمَاٌ | تَارِكٌ | خَالِقٌ | فُرَاتٌ | مُحِيۡطٌ | | |

# اظہار

**قرآن مجید میں جب بھی جزم والے نون اور تنوین کے بعد**
**حروف ء ھ ع ح غ خ آتے ھیں** تو صرف یہاں ہی نون کو ظاہر کر کے پڑھا جاتا ہے۔




| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ ءَ | اِنْ اَ | اُنْ اَ | اَ ءَ | اِ ءَ | اُ ءَ |
| اَنْ هَ | اِنْ هَ | اُنْ هَ | اَ هَ | اِ هَ | اُ هَ |
| اَنْعَ | اِنْعَ | اُنْعَ | اَعَ | اِعَ | اُعَ |
| اَنْحَ | اِنْحَ | اُنْحَ | اَحَ | اِحَ | اُحَ |
| اَنْغَ | اِنْغَ | اُنْغَ | اَغَ | اِغَ | اُغَ |
| اَنْخَ | اِنْخَ | اُنْخَ | اَخَ | اِخَ | اُخَ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ء | مَنْ اَعْطٰی | كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ | وَيَنْئَوْنَ |
| ه | مَنْ هَاجَرَ | فَرِيْقًا هَدٰى | وَيَنْهَوْنَ |
| ع | مِنْ عِلْمٍ | سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ | الْاَنْعَامَ |
| ح | مِنْ حِكْمَةٍ | عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ | يَنْحِتُوْنَ |
| غ | مِنْ غِسْلِيْنٍ | قَوْلًا غَيْرَ | فَسَيُنْغِضُوْنَ |
| خ | مَنْ خَشِيَ | لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ | وَالْمُنْخَنِقَةُ |



# چھوٹی میم

**قرآن مجید میں جب بھی جزم والے نون اور تنوین کے بعد حرف ب آتا ھے**

تو وہاں لازماً چھوٹی میم (م) لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ تو یہاں نون نہیں پڑھا جاتا بلکہ اس چھوٹی میم کی غنہ کرتے ہوئے ادائیگی کی جاتی ہے۔

**جزم والے نون پر چھوٹی میم کو پڑھنے کا طریقہ:** چھوٹی میم کو جزم والے نون سے پچھلے حرف کی زبر زیر پیش کے ساتھ ملاتے ہوئے غنہ کر کے ادائیگی کی جاتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| مِنۢ بَعْدِ | مَنۢ بَخِلَ | اَنۢبِئُوْنِیْ |

**تنوین پر چھوٹی میم کو پڑھنے کا طریقہ:** چھوٹی میم کو دوزبر میں سے ایک زبر دوزیر میں سے ایک زیر دوپیش میں سے ایک پیش کے ساتھ ملاتے ہوئے غنہ کر کے ادائیگی کی جاتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا | اَمَدًاۢ بَعِيْدًا | طَيْرًاۢ بِاِذْنِيْ |

**غنہ کرنے کا طریقہ:** ہونٹوں کے اندرونی خشک حصوں کو آپس میں نہایت نرمی سے ملا کر آواز کو ناک کی جڑ سے ایک الف کی مقدار کے برابر جاری رکھ کر "ب" کو ہونٹوں کی سختی سے ادا کیا جاتا ہے۔




## چھوٹی میم کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنۢ بَ | اِنۢ بَ | اُنۢ بَ | اًۢ بَ | اٍۢ بَ | اٌۢ بَ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تَارِكٌۢ بَعْضَ | تَفْرِيْقًاۢ بَيْنَ | اَنۢبَاهُمْ | وَاقِعٌۢ بِهِمْ |
| سَفَهًاۢ بِغَيْرِ | لِذَنۢبِكَ | حِزْبٍۢ بِمَا | بَعْضًاۢ بِمَا |
| سُنۢبُلٰتٍ | سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا | لُوْطٍۢ بِالنُّذُرِ | حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ |

# ادغام

**قرآن مجید میں جب بھی جزم والے نون اور تنوین کے بعد حروف ل ر ن م و ی آتے ہیں**

تو ان پر ہمیشہ شد پڑی ہوتی ہے۔ تو یہاں نون نہیں پڑھا جاتا بلکہ ل ر ن م و ی کی شد کو پچھلے حرف کی زبر زیر پیش سے ملا کر پڑھ لیا جاتا ہے۔ ل ر میں بغیر نون کے اور ن م و ی میں ہمیشہ غنہ کے ساتھ ادائیگی کی جاتی ہے۔

## 1 اگر شد والے حرف سے پہلے جزم والا نون آجائے

تو جزم والا نون پڑھنے میں نہیں آتا بلکہ شد کو جزم سے پچھلے حرف کی زیر زبر پیش کے ساتھ ملا کر پڑھ لیا جاتا ہے۔ جیسے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ لَّ | اَنْ رَّ | اَنْ نَّ | اَنْ مَّ | اَنْ وَّ | اَنْ يَّ |
| مَنْ لَّمْ | مَنْ رَّحِمَ | عَنْ نَّفْسٍ | مِنْ مَّقَامٍ | مَنْ وُّجِدَ | مَنْ يَّقُوْلُ |
| | | **ظاهر هے** شد والے ن اور م پر تو ہمیشہ غنہ کیا جاتا ہے۔ | | **یعنی** تنوین کے بعد جب و اور ی پر شد آجائے تو ہمیشہ غنہ کرتے ہوئے ادائیگی کی جاتی ہے۔ | |

## 2 اگر شد والے حرف سے پہلے تنوین آجائے

تو تنوین کی ڈبل حرکت کی بجائے ایک حرکت کو شد والے حرف سے ملا کر پڑھ لیا جاتا ہے یعنی دو زبر کی بجائے ایک زبر، دو زیر کی بجائے ایک زیر اور دو پیش کی بجائے ایک پیش کو شد والے حرف سے ملا کر پڑھ لیا جاتا ہے۔ جیسے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اً لَّ | اً رَّ | اً نَّ | اً مَّ | اً وَّ | اً يَّ |
| اِلٰهًا لَّقَدْ | زَبَدًا رَّابِيًا | خَيْرٌ نُّزُلًا | مَثَلًا مَّا | سِنَةٌ وَّلَا | خَيْرًا يَّرَهٗ |
| | | **ظاهر هے** شد والے ن اور م پر تو ہمیشہ غنہ کیا جاتا ہے۔ | | **یعنی** تنوین کے بعد جب و اور ی پر شد آجائے تو ہمیشہ غنہ کرتے ہوئے ادائیگی کی جاتی ہے۔ | |

**بات تو صرف اتنی سی ہے کہ** شد سے پہلے جزم والا حرف نہیں پڑھا جاتا بلکہ شد کو جزم سے پچھلے حرف کے ساتھ ملا کر پڑھ لیا جاتا ہے اور تنوین کی صورت میں اسکی ایک حرکت کو شد والے حرف سے ملا کر پڑھ لیا جاتا ہے۔

ل ر میں بغیر نون کے اور ن م و ی میں ہمیشہ غنہ کے ساتھ ادائیگی کی جاتی ہے۔

### "و" کے آنے پر غنہ کرنے کا طریقہ:

ہونٹوں کو مکمل گول کرتے ہوئے نون کی ادھوری سی آواز کو ناک کی جڑ سے نکالتے ہوئے غنہ کی ادائیگی کی جاتی ہے۔ جیسے: مِنْ وَّرَقٍ سِنَةٌ وَّلَا







### "ی" کے آنے پر غنہ کرنے کا طریقہ:

زبان کو ی کے نکلنے کی جگہ پر لگا کر نون کی ادھوری سی آواز کو ناک کی جڑ سے نکالتے ہوئے غنہ کی ادائیگی کی جاتی ہے۔
جیسے: مَنْ يَّقُوْلُ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ



# ادغام

## شد والے حرف سے پہلے جزم والے نون اور تنوین کا آ جانا




ل ر میں بغیر نون کے اور ن م و ی میں ہمیشہ غنہ کے ساتھ ادائیگی کی جاتی ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ لَّ | اَنْ رَّ | اَنْ نَّ | اَنْ مَّ | اَنْ وَّ | اَنْ ىَّ |
| اُنْ لَّ | اُنْ رَّ | اُنْ نَّ | اُنْ مَّ | اُنْ وَّ | اُنْ ىَّ |
| اِنْ لَّ | اِنْ رَّ | اِنْ نَّ | اِنْ مَّ | اِنْ وَّ | اِنْ ىَّ |
| بَنْ لَّ | بَنْ رَّ | بَنْ نَّ | بَنْ مَّ | بَنْ وَّ | بَنْ ىَّ |
| بُنْ لَّ | بُنْ رَّ | بُنْ نَّ | بُنْ مَّ | بُنْ وَّ | بُنْ ىَّ |
| بِنْ لَّ | بِنْ رَّ | بِنْ نَّ | بِنْ مَّ | بِنْ وَّ | بِنْ ىَّ |
| مَنْ لَّ | مَنْ رَّ | عَنْ نَّ | عَنْ مُّ | عَنْ وَّ | لَنْ ىَّ |
| كُنْ لَّ | كُنْ رَّ | كُنْ نَّ | كُنْ مِّ | مَنْ وُّ | مَنْ ىُّ |
| يِنْ لَّ | مِنْ رَّ | مِنْ نَّ | مِنْ مُّ | مِنْ وَّ | كِنْ ىُّ |

| ل ر | میں بغیر نون کے |
|---|---|

اور

| ن م و ی | میں ہمیشہ غنہ کے ساتھ ادائیگی کی جاتی ہے |
|---|---|

| | | |
